ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

عیدالاضحیٰ سال 2022کنٹی جینسی پلان تیار کیا جائے۔

ضابطہ اخلاق پر سختی سے عمل درآمدجیسے اقدامات کوکنٹی جینسی پلان کا حصہ بنایا جائے۔ آئی جی سندھ

کراچی26جون 2022ء۔

آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے پولیس کوجاری رہنما ہدایات میں کہا ہے کہ چرم قربانی کے حوالے سے ضابطہ اخلاق پرعمل درآمد اور سیکیورٹی کے جملہ اقدامات کو غیرجانبدار بنانیکے ضمن میں تمام اسٹیک ہولڈرز کواعتماد میں لیتے ہوئے رینج/زونز/اضلاع کے لحاظ سےعیدالاضحیٰ سال2022 کنٹی جینسی پلان ترجیحی بنیادوں پر تیارکرکےبرائے ملاحظہ ارسال کیاجائے تاکہ عوام کے جان ومال کے تحفظ کویقینی بنایا جاسکے۔

انہوں نے کہا کہ تمام رجسٹرڈفلاحی و سماجی اداروں/تنظیموں,مدارس وغیرہ ودیگر اسٹیک ہولڈرز کوحکومت سندھ کی جانب سے جاری ضابطہ اخلاق کے مندرجات/شرائط کا پابندبنانیکے ساتھ ساتھ چرم قربانی کواکٹھا کرنے اور منتقلی کے حوالے سے جاری تحریری اجازت ناموں اور دیگرضروری دستاویزات کی چھان بین کے عمل کو کنٹی جینسی پلان کا حصہ بنایا جائے۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ عیدالاضحٰی سیکیورٹی پلان کے تحت سینٹرل پولیس آفس میں قائم مرکزی کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر سے وقتاً فوقتاً جاری احکامات پرعمل درآمد کےلیے ہرسطح پراقدامات کیئے جائیں تاکہ ریکی/نگرانی/مانیٹرنگ کی بدولت مشکوک,مشتبہ سرگرمیوں کاپتہ لگا کرممکنہ گھناؤنے عزائم کے بروقت سدباب کو ممکن بنایا جائے تاکہ قیام امن اور حالات پرمکمل پولیس کنٹرول کو یقینی بنایا جاسکے۔علاوہ اذیں اس سلسلے میں شہرمیں قائم زونل،ضلعی کنٹرول رومزاور تھانہ جات کے وائرلیس کنٹرول رومزکے باہمی روابط جیسے اقدامات کو بھی انتہائی مربوط اور مؤثر بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ صوبے کی تمام مساجد,امام بارگاہوں,عیدگاہوں,نمازعیدکے دیگر کھلے مقامات کی فہرستوں کاجائزہ لیا جائے اور بعدازاں انہیں درجہ بندیوں میں تقسیم کرکے ناصرف متعلقہ پولیس بلکہ پولیس کمانڈوز کی تعیناتیوں/کوبھی یقینی بناناجائے۔مرتب کردہ پلان میں ایس ایس پیز,ایس پیز،ایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوزکی ذمہ داریوں کا بھی تفصیلی احاطہ کیا جائے۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ سیکیورٹی پلان کے تحت تھانوں کی سطح پرسادہ لباس اہلکاروں پرمشتمل سرویلینس ٹیمیں بھی تشکیل دی جائیں جنکی ڈپلائمنٹ شاپنگ سینٹرز, پر ہجوم پبلک مقامات, مویشی منڈیوں, مختص کردہ پارکنگ لاٹس اورنماز عید کےمقامات کے اندرونی حصوں اور اطراف میں ممکن بنائی جائے۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-